ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

HUMSAFAR

MARRIAGE COUNSELLING CELL

MEDIA REFLECTIONS

NOV-2008

Prepared By
Jenab Eishan Ahmad Dar
Media Consultant
Humsafar Marriage Counselling Cell

27 NOVEMBER 2008 KASHMIR UZMA

رنگر مسجد شریف بھوری کدل سرینگر میں نکاح مجلس کا انعقاد

مجلس میں مفتی سلطان صاحب، جناب فیاض احمد زرو صاحب اور مولوی عدنان صاحب کے بیانات

مورخہ 24، نومبر سنیچر وار 2007ء کو سرینگر کے تبلیغی مرکز رنگر مسجد شریف واقع بھوری کدل سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈاکٹر منظور احمد صوفی ولد جناب غلام قادر صوفی (جواہر نگر سرینگر) کا نکاح محترمہ صالحہ دختر جناب علی محمد کلہ صاحب (مخدوم منڈو کلاش پورہ سرینگر) کے ساتھ بارہ ہزار نقد مہر کی ادائیگی پر پڑھا گیا۔ یہ نکاح محترم مولوی عدنان صاحب (سراج العلوم نواب بازار) نے پڑھا دیا۔ اس نکاح مجلس میں اور لوگوں کے علاوہ سرینگر کے تبلیغی مرکز سے وابستہ کئی برگزیدہ حضرات نے شرکت کی۔ مجلس میں مفتی سلطان صاحب (سراج العلوم نواب بازار) اور مولوی عدنان صاحب نے بغیر اسراف اور بُری رسومات کے بغیر شادیاں انجام دینے کی اہمیت بیان فرمائی اور مٹتے ہوئے سنتوں کو زندہ کرنے والے مسلمانوں کی شریعت میں عظمت اور اجر و ثواب کو بیان فرمایا۔ اسلامک دعوت سینٹر سرینگر کے جانب فیاض احمد زرو صاحب نے ہمسفر کے تجربات کی روشنی میں اسراف، خرافات، غیر شرعی رسم و رواج کی ملاوٹ والی شادیوں اور بہت زیادہ عمر ہونے کے بعد ہونے والی شادیوں سے پیدا ہوئی معاشرے میں برائیوں، جرائم اور جنسی بیماریوں پر ایک ایسی مختصر رپورٹ سنادی جس سے حاضرین مجلس چونک پڑے۔ یہ نکاح نماز عصر کی ادائیگی (4:15 بجے) کے فوراً بعد شروع ہوئی اور نماز مغرب پر اختتام کو پہونچ گئی۔ مجلس کے اختتام پر حاضرین مجلس میں کھجور اور ہمسفر کے اصلاحی کام کا تعارفی لٹریچر تقسیم کیا گیا۔

Kashmir Uzma.

نوٹ: رنگر مسجد شریف میں ہوئی اس نکاح مجلس کے بارے میں جو خبر انگریزی روزنامہ گریٹر کشمیر میں 25، نومبر اتوار کو شائع ہوئی، اور اس خبر میں جو تصویر شائع کی گئی جس میں ایک صاحب کو کھڑے ہو کر بیان کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے، وہ مفتی سلطان صاحب ہیں نہ کہ مولوی عدنان صاحب۔ چوں کہ روزنامہ نے مذکورہ تصویر کے نیچے کیپشن نہیں دیا ہے، جس کی وجہ سے کئی لوگوں کو الجھن پیش آئی۔

جاری کردہ لطیف احمد...... **جنرل سیکریٹری**۔ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل، کاک سرائے سرینگر

27-11-07